BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن پاکستان میں سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے مشن کے ذریعے GT20، BHive اور الگوما برامپٹن کو فروغ دے رہا ہے

برامپٹن، آن (12 مئی 2023) – سٹی آف برامپٹن نے اس ہفتے پاکستان میں سرمایہ کاری کے حوالے سے اپنا پہلا بالمشافہ مشن کامیابی سے مکمل کر لیا ہے، جس کے دوران منتخب عہدیداروں اور اقتصادی ترقی کے ماہرین کے ایک وفد نے پاکستان میں مستقبل کے اپنے ممکنہ سرمایہ کاروں اور کاروباری شراکت داروں سے ملاقاتیں کی ہیں۔

اس مشن کی قیادت میئر پیٹرک براؤن کر رہے تھے اور اس میں سٹی کونسلر راڈ پاور، کینیڈا پاکستان بزنس کونسل، الگوما یونیورسٹی کی صدر اور وائس چانسلر عاصمہ سی ویزینا اور سٹی آف برامپٹن کے اکنامک ڈویلپمنٹ آفس کے ممبران کے علاوہ ڈائریکٹر کلیئر بارنیٹ بھی شامل تھے۔

وفد نے سٹی کے اہم ترقیاتی شعبوں کے ساتھ تعلق رکھنے والی معروف کمپنیوں، نیٹسول ٹیکنالوجی اور کونٹور سافٹ ویئر ہاؤس کے دورں کے علاوہ سائبر سیکیورٹی، میڈیکل ٹیکنالوجی اور جدید مینوفیکچرنگ کے ایگزیکٹو افسران سے ملاقاتیں بھی کی ہیں۔ سٹی آف برامپٹن نے ڈیٹا پر مبنی تجزیے کی بنیاد پر سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے مشن کے تحت اہم اور کلیدی شعبوں کے ساتھ تعاون کو اپنے دورے کا خصوصی ہدف بنایا ہے۔ جن میں گذشتہ بین الاقوامی کوششوں، برامپٹن کی متنوع آبادی، آبادیاتی مماثلتوں اور کاروباروں کو برقرار رکھنے اور ان میں توسیع (BR&E) کی بنیاد پر جن مارکیٹوں میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں میں طویل مدتی اضافے کے بہترین مواقع شامل تھے۔

برامپٹن میں توسیع کے اپنے حالیہ اعلان پر عمل درآمد کرنے کے لیے میئر براؤن نے پاکستان کے دورے کے دوران ابوظہبی میں اپنے مختصر قیام کے دوران یونٹی ٹیکنالوجی میں گئے اور ان کے سنٹر آف ایکسی لینس کا بھی دورہ کیا۔ برامپٹن کا انوویشن ڈسٹرکٹ جلد ہی الگوما یونیورسٹی کے ساتھ یونٹی کے نیشنل سنٹر آف ایکسی لینس کا مرکزی مقام ہو گا، جو ویڈیو گیمنگ کے شعبے میں ٹیلنٹ کو فروغ دے رہا ہے۔ PwC کی گلوبل انٹرٹینمنٹ اینڈ میڈیا آؤٹ لک کی رپورٹ برائے 2022-2026 میں 2026 میں عالمی سطح پر ویڈیو گیمز اور اسپورٹس کی آمدنی US$323.5 بلین تک بڑھنے کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔ اس صنعت میں غیر معمولی ترقی کی توقع کے ساتھ، سٹی اس قیمتی موقع پر خصوصی توجہ مرکوز کر رہا ہے اور مستقبل کی ملازمتیں برامپٹن میں لا رہا ہے۔

کراچی، پاکستان میں اپنے قیام کے دوران میئر براؤن نے پاکستان کی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی سے بھی ملاقات کی۔ آفریدی اس موسم گرما میں GT20 کینیڈا ٹورنامنٹ کے لیے برامپٹن جائیں گے۔ برامپٹن کینیڈا میں تیزی سے کرکٹ کا ایک بڑا مرکز بن کر ابھر رہا ہے، کیونکہ یہ سٹی کی ملکیتی زمین پر عالمی معیار کی کرکٹ کی ایک کثیر المقاصد سہولت گاہ کی تعمیر پر کام کر رہا ہے۔

تعاون کے مزید مواقع کی حکمت عملی بنانے کے لیے وفد نے پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ اور پنجاب آئی ٹی بورڈ کا بھی دورہ کیا۔ برامپٹن کولیژن کے دوران پاکستان سے کئی وفود کی میزبانی کرنے کا منتظر ہے، جو کہ ٹورانٹو ریجن میں جون میں منعقد ہونے والی دنیا کی سب سے بڑی ٹیک کانفرنسوں میں سے ایک ہے۔

اس مشن کے دوران BHive، برامپٹن کے انوویشن ڈسٹرکٹ میں ایک سرکردہ اسٹارٹ اپ انکیوبیٹر، کا فروغ ایک کلیدی مقصد رہا ہے۔ اس کا گلوبل انٹرپرینیور انکیوبیشن پروگرام بین الاقوامی کاروباروں کو شمالی امریکہ کی مارکیٹ میں کامیابی کے لیے درکار وسائل حاصل کرنے میں مدد دینے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، جس سے بین الاقوامی اسٹارٹ اپس کی آمد اور قدم جمانے میں آسانیاں پیدا کی گئی ہیں اور اسے برامپٹن میں آنے کے خواہشمند مینوفیکچررز کے ساتھ کئی میٹنگوں میں ایک کلیدی معاونت کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔

BHive اس موسم بہار میں آنے والے اگلے گروپس میں پاکستانی اسٹارٹ اپس کا خیرمقدم کرنے کا منتظر ہے، بشمول MyTutorPod کے شریک بانی اور CEO ارسلان کیانی، ایک اختراعی Edtech پلیٹ فارم جس کا مقصد انفرادی ضروریات کی بنیاد پر طلباء کے لیے سستی تعلیم تک رسائی اور دستیابی کو آسان بنانا ہے، جس کے لیے بین الاقوامی اسٹارٹ اپس کی آمد اور قدم جمانے میں آسانیاں پیدا کرنے اور برامپٹن میں آنے کے خواہشمند مینوفیکچررز کے ساتھ کئی میٹنگز منعقد کی گئی ہیں۔

سٹی آف برامپٹن نے ڈیٹا پر مبنی تجزیے کی بنیاد پر سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے مشن کے تحت اہم اور کلیدی شعبوں کے ساتھ تعاون کو اپنے دورے کا خصوصی ہدف بنایا ہے۔ جن میں گذشتہ بین الاقوامی کوششوں، برامپٹن کی متنوع آبادی، آبادیاتی مماثلتوں اور کاروباروں کو برقرار رکھنے اور ان میں توسیع (BR&E) کی بنیاد پر جن مارکیٹوں میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں میں طویل مدتی اضافے کے بہترین مواقع شامل تھے۔

**اقتباسات**

"اس طرح کے مشن ایسے مضبوط اور قابل عمل تعلقات استوار کرنے کے لیے ضروری ہیں جن کے نتیجے میں برامپٹن میں مزید ترقی اور سرمایہ کاری ہوتی ہے۔ ہم گرمجوشی سے اپنا خیرمقدم کیے جانے اور گفتگو کی نشستیں منعقد کرنے کے لیے شکر گزار ہیں جو کاروباروں کی ترقی اور سٹی میں اس موسم گرما میں GT20 کرکٹ ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کے لیے بھی مفید ہو گا۔ ہم اپنے پریمیئر سٹارٹ اپ انکیوبیٹر BHive کے ذریعے برامپٹن میں دنیا بھر سے ابھرتے ہوئے کاروباروں کا خیرمقدم کرنے کے منتظر ہیں، کیونکہ ہم اپنے شہر کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے ایک ناقابل یقین حد تک شاندار افرادی قوت کے ساتھ ایک اختراعی، تخلیقی اور باہمی طور پر مربوط کمیونٹی بنا رہے ہیں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی آف برامپٹن کا اکنامک ڈویلپمنٹ آفس ایسے منصوبے، پروجیکٹس اور اقدامات تیار کرتا رہے گا جو ہمارے شہر میں سرمایہ کاری لانے کے لیے کلیدی منڈیوں سے سرمایہ کاری کو اپنی جانب راغب کرنے پر مرکوز ہوتے ہیں، جیسا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے اس حالیہ مشن کی طرح ہے۔"

*- کلیئر بارنیٹ، ڈائریکٹر، اکنامک ڈیولپمنٹ*

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر **برامپٹن تقریباً 700,000 لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہم سے ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر رابطہ کریں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca